RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۲۹ اکتوبر ۱۸۹۴ عیسوی	جلد ۲۶

فہرست مضامین

روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
واقع ۲۳ اکتوبر سنہ ۱۸۹۴ء

سررشتہ وائس پریزیڈنٹی میں کام روز بروز زیادہ ہے اور کوئی اہلمد نہیں ہے کل مسلجات وائس پریزیڈنٹی کے کاغذات صدر کو بھیج دیے جاتے ہیں اور وہان سے اہلمدان صدر کی معرفت اجرای احکام ہوتا ہے بعض اوقات ایسے اجرا میں بہت توقف ہوتا ہے اور اہلمدان صدر کا اس سررشتہ سے تعلق نہیں ہے صاحب جوڈیشل ممبر بہادر سابق نے واسطے کار ہای متعلقہ خود ایک اہلمد جدید مقرر کیا تھا وہ بھی صدر ہی کے ہمارے اجلاس میں کوئی اہلمد نہیں ہے اس وجہ سے اجرا کار میں ہرج عملی ہوتا ہے معلوم ہوا کہ عابد حسین نامی اہلمد کے سپرد کام شفاخانہ ڈاکخانہ صفائی وغیرہ ہے کہ جو ہمارے متعلق ہیں گرفتار تھا

سررشتہ جوڈیشل سے پایا جاتا ہے اور مینے اوسکی
صورت بھی نہین دیکھی اسی طرح سے جوالا پرشاد نامی محرر کو
تنخواہ صیغہ میونسپلٹی کی مد دی جاتی ہے اور وہ دیوان صدر کی
ماتحتی مین کام خزانہ کرتا ہے۔ اگر واقعی ہر ایک ممبر کونسل کی جانب سے
ایک ایک محرر دیوان صدر کی ماتحتی مین تعینات ہونے کی ضرورت ہے تو کل ممبران
اپنے اپنے ڈیپارٹمنٹ کی بجٹ سے یہ مصارف ادا کرین۔ صرف ایک
صیغہ میونسپلٹی پر جسمین حد سے زیادہ مصارف واسطے کار صفائی و تعمیرات
مطلوب ہین۔ یہ صرف کیون ڈالا جاوے۔

انہین بابتون اور دقتون کے رفع کرنیکے لئے حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔

۱۔ ایک اہلمد واسطے انجام دہی کل خدمات سررشتہ وائس پریذیڈنٹی بمشاہرہ [illegible]
ماہوار مقرر کیا جاوے چونکہ اس سال بجٹ سررشتہ عملہ مین گنجائش نہین ہے لہذا تنخواہ
مدات ذیل سے دیجاوے۔

سررشتہ وائس پریذیڈنٹی	مینوسپلٹی	باغات	جائداد و رنجات	پولیس

اس اہلمد کے متعلق کل صیغہ جات وائس پریذیڈنٹی ہونگے اور وہ اسی سررشتہ سے
احکام وغیرہ جاری کریگا اور براہ راست کل امثلہ داخل محافظ خانہ کریگا۔

۲۔ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر خواہ عابد حسین کو اسی کام پر بحال رکھین اور اپنی
صیغہ جات کا کام کسی اور اہلمد سے لین یا ہم دوسرا شخص اس کام کیلئے تجویز کرین

۳۔ جوالا پرشاد کو تنخواہ میونسپلٹی سے ہم نہین دیسکتے ہین تا وقتیکہ دیوان صدر
ثابت نکرین کہ اور ممبران کونسل کے یہان کے اہلمد کو تنخواہ ملتی ہے۔ اور ایسی صورت
مین خواہ وہ تنخواہ سررشتہ وائس پریذیڈنٹی سے لیجاوے یا بسدی کل صیغہ جات پر
تقسیم کیجاوے۔ صاحب ممبر مال بہادر کو جاری راے سے اتفاق ہے۔ لہذا بابت
منسوخی تنخواہ جوالا پرشاد احکام جاری ہون۔

۴۔ ناظر سررشتہ ہذا کے متعلق اجراے ڈاک و ڈسپیچ اردو رہیگا جب تک کہ
وہ پوری واقفیت حاصل کرین انگن لال اس کام کو کرتے رہینگے۔

۵۔ چیف منشی اردو کا کام منشی دفتر صدر علی بخوبی انجام دینگے۔ انگریزی خط و
کتابت و دفتر بابو جوالا پرشاد سے بدستور متعلق رہیگا اور شنکر لال
انگریزی نویس ثانی نقل و انگریزی ڈسپیچ کا کام کرینگے۔ اس غرض کے لیے
ایک انگریزی کتاب بھی لگوا دی جاوے۔ اردو ڈسپیچ اور خزانہ میں بابت
مصارف ماہواری ہوتا رہیگا۔ نمونہ رجسٹر ہم بناوین گے۔

حکم ہوا کہ

حسب تصریح صدر احکام ضابطہ جاری ہون اور ایک نقل درج گزٹ ہو

[illegible]

روبکار اجلاس صاحبزادہ محمد عبد المجید خان صاحب بہادر سکرٹری کونسل ریاست رامپور - واقع ۲۱ر اکتوبر سنہ ۱۸۹۳ء

میلہ بینظیر کے انتظامی کامون کے جاری ہونیکا زمانہ آگیا حسب
دفعات ذیل اوسکی بابت حکم دیا جاتا ہے۔

(۱) حسب منشا روبکار اجلاس حضور پرنور مورخہ ۲۴ر ستمبر سنہ ۱۸۹۳ء
پہلے تاریخ میلہ بینظیر من ابتداے ۳۰ر نومبر لغایت ۷ر دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء مقرر
ہوئی تھی لیکن دوسرا روبکار اجلاس حضور معلی محررہ ۵ر اکتوبر سنہ ۱۸۹۳ء
درباب تبدیل تاریخ میلہ بینظیر بدین حکم نافذ ہوا کہ تاریخ میلہ من ابتداے
۱۰ر دسمبر لغایت ۱۸ر دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء قرار دیجاوے لہذا حسب منشاء
حکم حضور تاریخ میلہ بینظیر من ابتداے ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء لغایت ۱۸ر دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء
مقرر ہوتی ہے حسب گذشتہ پیوستہ اشتہار اردو و ناگری مین طبع ہو کر
شائع ہوا اور دبدبہ سکندری و دیگر اخبار مین طبع کرا دیا جاوے۔

(۲) فراہمی رسد میلہ کے واسطے بتعداد سال گذشتہ احکام بنام تحصیلداران جاری ہوگئے اور یہ بھی لکھدیا گیا ہی کہ علاوہ تعداد مصرحہ اور بھی بندوبست رسد رکھا جاوے تاکہ وقت ضرورت مثل سال گذشتہ دقت نہ پڑے امسال غالباً رسد کی ضرورت زیادہ ہوگی رسد میدان میلہ مین پندرہ نومبر سے جمع ہونا شروع ہو اور بیس پچیس نومبر تک کل تحصیلون سے آکر جمع ہو جانا چاہیے تحصیلدار حضور تحصیل مثل گذشتہ اسکے منتظم ہونگے نقل دفعہ تحصیلات مین بھیجدی جاوے۔

(۳) صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مثل سال گذشتہ انتظام طلبی چوکیداران اپنے سررشتہ سے کرینگے تعداد چوکیداران و تاریخ طلبی کاغذات سال گذشتہ موجودہ پولیس سے معلوم ہوگی کمی بیشی تعداد مین باندازہ احتیاج تجویز صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پر موقوف ہے۔

(۴) منشی عاشق حسین ایک فہرست اون کامون کی پیش کرین جنکے لیے علی الحساب کسیقدر رقم پہلے سے درکار ہوگی۔

(۵) میدان میلہ ابکے سال زیادہ خراب نہین ہی گھانس کپتان محمد مستجاب خان کے انتظام سے کامتراشان رجمنٹ کاٹتے ہین تاہم خاک و جڑین وغیرہ جس جگہ قابل نجاست و صفائی ہون اوسکا انتظام گرد آور کرلین۔

(۶) بجٹ میلہ تجویز و مرتب کیا گیا طبع ہوکر عنقریب شائع ہوگا۔

(۷) تقسیم کام مثل سال گذشتہ ہو۔ جسکی حسب ذیل ہی۔

نام افسر صیغہ	نام صیغہ	معین و منتظم
حضور پرنور دام اقبالہم	سپورٹس گھوڑ دوڑ وغیرہ	افسران فوج
صاحب ریونیو ممبر بہادر	نمایش زراعت تجارت	صدر قانونگو
ایضاً	دربار بدہانان	سررشتہ دار صدر
صاحب پولیٹکل ممبر بہادر و کرنیل راس صاحب بہادر	مہمانداری صاحبان انگریز	منصرم باورچیخانہ انگریزی
صاحب جوڈیشیل ممبر بہادر	نمایش صنعت و دستکاری	صاحب سشن جج بہادر و مہتمم نمایش [illegible]
ایضاً	عجائب خانہ	منصرم نمایش خانہ
صاحب انسپکٹر جنرل پولیس بہادر و صاحب سکرٹری بہادر کونسل	کشتی بانک چند مرغ تیتر وغیرہ	صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس
ڈاکٹر صاحب بہادر	نمایش اسپان تجارتی	کمانڈنگ فوج سواران
صاحب سکرٹری بہادر کونسل	نمایش مویشی	قطب الدین خان منصرم فیل خانہ
ایضاً	مہمانان ہندوستانی	ممبران نواب کلب
مسٹر قطب صاحب بہادر	انتظام ترتیب دکانات تقسیم کانات	لالہ نند کشور نائب سکرٹری میلہ
میر حسن علی صاحب بیگ	نمایش پھل پھول و ترکاری	سپرنٹنڈنٹ باغات
لالہ نند کشور نائب سکرٹری میلہ	روشنی روزمرہ و شب آخر و آتشبازی تیاری دروازہ وغیرہ	گرد آور صفائی
منصرم ذات خاص	ارباب نشاط	بابو محمد حسین
سپرنٹنڈنٹ باغات	چمن بندی حضور پرنور و گرد مقامات	نائب سپرنٹنڈنٹ باغات
کپتان مستجاب خان	درستی جای اسپان تجارتی	منصرم اصطبل

۸- ہر ایک حکم مین عنوان ایسا قائم ہو جس سے تعلق حکم کا او تاریخ میلہ کی معلوم ہوسکے ڈاکٹر صاحب کو اطلاع دینے کی ضرورت نہین ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام طلبی ضابطہ جلدی جاری ہون جو دفعہ جس سے تعلق ہے یا تقسیم کام جسکا تعلق ہم نقول دفعہ تقسیم کام او نکے پاس بھیجے جاوین ایک نقل مسل و بکار کی درج گزٹ ہو سررشتہ دار صدر بہ نگرانی جملہ احکام جلد جاری کرادین۔

(دستخط)

حکم صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر

نقل دفعہ ایک بابت انتظام گوشت بزمع روبکار اجلاس ہذا جو کمیٹی میں بھیجا گیا تھا بہ منشی اجلاس کونسل کو سیکرٹری جلد بھیجدیا جاوے روداد ہذا ملاحظہ ہوگئی درج گزٹ ہو - ۲۱ اکتوبر ۱۹۲۱ء

روداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۱۵ اکتوبر ۱۹۲۱ء

جناب مولوی محمد عمر صاحب بہادر مشیر جج صدر نشین کمیٹی

جناب منشی ہادی حسین خانصاحب مجسٹریٹ ضلع نائب صدر نشین کمیٹی

صاحبزادہ محمد اشفاق حسین خانصاحب انچارج سکریٹری بورڈ

اسماء شرکا جلسہ

ملازمین		غیر ملازمین	
۱ - بابو بھولا ناتھ صاحب	اسسٹنٹ سول سرجن	۱ - مرزا محمد حسن صاحب	وکیل ممبر
۲ - پنڈت ڈوری لال صاحب	بخشی فوج	۲ - مولوی عبد الصمد صاحب	"
۳ - حکیم احمد رضا صاحب	منصرم صدر شفاخانہ یونانی	۳ - سید ابراہیم صاحب	"
۴ - مولوی عاشق حسین صاحب	میونسپل انجینیر	۴ - سید بہادر علی صاحب	"
۵ - منشی لیاقت حسین صاحب	گرداور حفظان صحت	۵ - منشی رشید علی خانصاحب	"
۶ - پنڈت رام دیال صاحب	ڈاکٹر فوج	۶ - لالہ گوپال داس صاحب	ممبر
		۷ - لالہ دین دیال صاحب	"

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱ - مثل انتظام گوشت بزمع روبکار حضور صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ پانصد روپیہ ضمانت زنجیرہ بندی سے لیتے کے بعد بطور قرض امداد منظور بر قصابان کو دیئے جاویں اور نیز قصابان سے مچلکہ لکھایا جاوے کہ بحساب فی اسم پانچ پانچ راس روزانہ ذبح کیا کریں بحالت کمی اسکے خلاف ورزی میں جرمانہ مناسب کیا جاوے اور ان راسان کا گوشت بجز دکانات کے اور کسی جگہہ فروخت نہو گا جن قصابان کے مکانات ہوں وہ بھی علاوہ ضمانت زنجیرہ بندی کے مستغرق الضمانت کرلئے جاویں -

	جزنبی اور باورچیخانہ سرکاری اور محمد عطار اللہ خانصاحب کے مکان پر بکریان ذبح ہوا کرینا سوائے ان مقامات کے اور کسی جگہ ذبح ہون مگر داغ ان بکریون پر بھی لگایا جاوے۔ روپیہ بز قصابان کو دیکر ہدایت کیجاوے کہ بہت جلد مال جمع کرین جب مال بز قصابان جمع کرلین تو شام کو بکریان داغ ہوا کرین تاکہ صبح سے ذبح ہوکر گوشت دکانات پر اول وقت آجاوے
۲ - رپورٹ صفائی بدین اطلاع کہ حافظ مستقیم صاحب ممبر چونگی نے مکان پر بکری بلا داغ ذبح کرائی۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اپنے طور پر بکری بیوپاریوں سے خرید کرکے لبطور خود ذبح کرسکتے ہیں البتہ قصابان سے بکری مول لیکر ذبح کرانے کی ممانعت کیجاوے قصابان سے بکری مول لیکر ذبح کرانے میں بکری بازار کے گوشت مین کمی واقع ہوگی۔
۳ - نوٹ بخشی صاحب فوج بہ شکایت مٹھائی وغیرہ	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صفائی کو تاکید نگرانی کیجاوے خوب نگرانی کرین تاکہ ناقص فروخت ہو
۴ - نوشتہ بخشی صاحب فوج بدین اطلاع کہ ارکان صفائی قبل ہاجمر آنے بکریان داغ کردیتے ہین۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جب مال بز قصابان جمع کرلین اور شام کو داغ کا قاعدہ جاری ہوا یکم ہوتے یہ نوٹ ملتوی رکھا جاوے۔
۵ - رپورٹ کورٹ انسپکٹر دربارہ دیئے جانے اختیارات ملازمان پولیس بابت نگرانی اشیار خوردنی مٹھائی وغیرہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۴۲ء کو جو دستور العمل میونسپلٹی کا عالیہ کونسل سے منظور و نافذ ہوا ہے اوسمین اشیار خوردنی کی نگرانی کا اختیار پولیس کو نہین دیا گیا ہے باب پنجم پولیس کے اختیار کے باب مین ہے لہذا کمیٹی کو کوئی حق نہین ہے کہ حکم کونسل مین دست اندازی کرے پولیس اشیار خوردنی کی نگرانی کا بموجب دستور العمل مجاز نہین ہے۔
۶ - عرضی محلہ داران راجدوارہ لبشکایت تالاب بدرخواست انباشتگی۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ میونسپل انجینیر ہمراہی ڈاکٹر صاحب فوج ممبر بورڈ موقع دیکھکر مفصل کیفیت پیش کرین۔

۷ - عرضی حسن علیخان بدرخواست قطع درخت صفدر علیخان مع کیفیت صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ معاملہ قابل تصفیہ میونسپلٹی کے نہیں ہے لہذا چارہ جوئی عدالت مجاز کی ہدایت کردیجاوے۔
۸ - عرضی عزیز احمد خان بدرخواست قطع درخت۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ میونسپل کمیٹی کے تصفیہ کے قابل یہ معاملہ نہیں ہے لہذا چارہ جوئی عدالت مجاز کی ہدایت کیجاوے۔
۹ - نقشہ وصول باقی پرتہ چوکیداران۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ آخر ماہ جولائی ۱۹۴۳ء تک رقم پرتہ تعدادی [illegible] باقی قابل وصول نقشہ میں درج ہے باقی زیادہ ہے آخر ستمبر تک کا نقشہ طلب ہو کہ آخر ستمبر تک کسقدر رقم وصول ہوئی اور اب کیا باقی ہے۔
۱۰ - پرچہ اخبار مع کیفیت صاحبزادہ گن خاں صاحب ممبر بورڈ بشکایت مکان مساۃ امراؤ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ گرداور صفائی موقع دیکھکر مفصل کیفیت پیش کریں کہ مکان کی کیا حالت ہے اور مساۃ کیا مفلس ہے جو مکان غیر آباد پڑا ہوا ہے اور شکستہ پڑا ہے مکان سے عام نقصان ہے یا کسی خاص شخص کا۔ مفصل کیفیت مع اپنی رائے کے بھیجدیں۔
۱۱ - عرضی حشمت علیخان بدرخواست اجرائے بھٹی چونہ قریب زیارت شاہ ولی اللہ صاحب مع کیفیت صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ درخواست نامنظور آئندہ شہر کے اجازت بجز اون مقامات کے جو تجویز ہو گئے ہیں یعنے موری دروازہ، دبریلی دروازہ اجازت نہیں ہو سکتی صفائی سے ایک فہرست ایسی بھٹیات کی طلب ہو جو بعد ممانعت شہر میں مقامات ممنوعہ میں اسوقت جاری ہیں۔
۱۲ - عرضی گوبند رام بدرخواست معافی پرتہ چوکیدارہ بوجہ افلاس مع کیفیت صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جدید پرتہ جو تجویز ہوا ہے اوس نقشہ میں ملاحظہ کیا جاوے کہ نام عرضی گزار کا درج ہے یا نہیں۔

۱۳- نقشہ تجویز جدید برتہ چوکیدارہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی اور صاحب سشن جج بہادر صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور فرمایا کہ یہ نقشہ میونسپل انجینیر صاحب سشن جج بہادر کے اجلاس مین برائے ملاحظہ پیش کرین۔
۱۴- نوٹ مرزا احمد حسن صاحب ممبر بورڈ بدرخواست تیاری پہاوڑیان چوبی بنابر صفائی نالی پختہ مع کیفیت صفائی۔	کثرت رائے سے تجویز ہوا کہ اول چار پانچ پہاوڑیان چوبی امانی مین بنواکر کام لیکر دیکھا جائے تختہ سار کا بطور ڈنڈے کے بانس کے ہونا چاہئے اور پختہ نالیان انسے صاف کراکر دیکھا جاوے بطور امتحان چوبی پہاوڑیان سے نالی نہین خراب ہوگی اگر کام اچھا چلیگا تو زیادہ بنوائی جاوینگی فی پہاوڑا آٹھ آنہ کا تخمینہ زیادہ معلوم ہوتا ہے چار آنہ مین عمدہ بن سکتی ہے امانی مین بنواکر اندازہ کرنا چاہئے۔
۱۵- رپورٹ منشی لیاقت حسین صاحب گرداور حفظان صحت دربارہ انتظام دودھ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ہالیان صفائی کو تاکید کیجاوے کہ بطور کامل نگرانی کرین تاکہ شکایات کمی اور خرابی دودھ کی رفع ہوجاوے۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۱ لغایت ۲۸ اکتوبر سنہ ۱۹۱۴ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد – مسلم	مرد – ہنود	عورت – مسلم	عورت – ہنود	میزان	تفصیل مذہب – مسلم	تفصیل مذہب – ہنود	تفصیل موتے: ۱ سال سے ۵ سال تک – مرد	عورت	۵ سال سے ۱۴ سال تک – مرد	عورت	۱۴ سال سے زیادہ – مرد	عورت	میزان – مرد	عورت	تفصیل مذہب – مسلم	ہنود	تفصیل امراض					کیفیت
حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
ملک	۱	۱۳	۰	۵	۲۰	۱	۹	۵	۳	۱	۰	۷	۱	۱۳	۳	۳	۱۴	۰	۰	۶	۱۰	۱۶	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰				۰	〃
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
میزان	۱	۱۳	۰	۵	۲۰	۱	۱۹		۲	۱	۰	۷	۱	۱۳	۳	۳	۷	۰	۰	۶	۱۰	۰	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۱ لغایت ۲۸ اکتوبر سنہ ۱۹۱۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
[illegible]	۰	۱۵ ۰ار	۱۴ ۰ار	۱۴ ۰ار	۱۵ ۰ار	۱۵ ۰ار	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
[illegible]	۰	۱۶ ۰ار	۱۷ ۰ار	۲۰ ۰ار	۱۵ ۰ار	۱۶ ۰ار	
[illegible]	۰	۱۸ ۰ار	۱۹ ۰ار	۱۸ ۰ار	۱۸ ۰ار	۱۶ ۰ار	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible]		۱۳ ۰ار	۱۳ ۰ار	۱۲ ۰ار	۱۳ ۰ار	۱۲ ۰ار	
[illegible]	۰	۰	۱۴ ۰ار	۰	۰	۱۱ ۰ار	
[illegible]		۲۰ ۰ار	۲۲ ۰ار	۲۵ ۰ار	۲۳ ۰ار	۱۱ ۰ار	
[illegible]	۰	۰	۲۵ ۰ار	۰	۲۰ ۰ار	۰	
[illegible]	۰	۰	۲۰ ۰ار	۰	۲۰ ۰ار	۰	
[illegible]	۰	۰	۲۰ ۰ار	۰		۰	
ارہر	۰	۲۰ ۰ار	۱۷ ۰ار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۲ ۰ار	۱۵ ۰ار	۱۴ ۰ار	۰	۰	
روغن زرد	۰	۱۱۱ ار	۱۲ ار	۱/ ار	۱/ ار	۱۱۱ ار	
روغن سیاہ	۰	۴ ۰ار	۳ ۰ار	۲ ۰ار	۳ ۰ار	۳ ۰ار	
روغن کنجد	۰	۲ ۰ار	۲ ۰ار	۰	۰	۲ ۰ار	
نمک سانبھر	۰	۸ ۰ار	۹ ۰ار	۰	۸ ۰ار	۸ ۰ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ۰ار	۵ ۰ار	۰	۰	۷ ۰ار	
قند سیاہ	۰	۸ ۰ار	۹ ۰ار	۰	۱۰ ۰ار	۱۰ ۰ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور